F. 6-4 (Edit) /2019 NCPUL Press release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Human Resource Development
Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:31/03/2020

کورونا وائرس: تبلیغی مرکز میں ہزاروں لوگوں کا اجتماع قابلِ مذمت، حکومت لاک ڈاؤن کی خلاف ورزی کرنے والوں پر سخت کارروائی کرے: ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

نئی دہلی: تبلیغی مرکز بستی حضرت نظام الدین میں ہزاروں لوگوں کے اجتماع اور اس کے نتیجے میں متعدد اموات اور کئی لوگوں میں کورونا وائرس کی مثبت رپورٹ پائے جانے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے ڈائریکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے کہا ہے کہ ہمیں موجودہ سنگین حالات میں کسی بھی قسم کی بے احتیاطی سے بچنا چاہیے اور ہر طرح کے اجتماع اور بھیڑ بھاڑ سے سختی سے پرہیز کرنا چاہیے۔ انھوں نے تبلیغی جماعت کے ذمے داروں کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ جب دسمبر کے مہینے سے ہی کورونا وائرس کے پھیلنے کی خبریں چل رہی ہیں اور دنیا بھر کے ممالک میں احتیاطی قدم اٹھائے جا رہے ہیں تو ایسے میں جماعت کے ذمے داروں کو اجتماع کرنے اور دنیا کے مختلف ممالک سے لوگوں کو جمع کرنے کی کیا مجبوری تھی؟ آج ان کی وجہ سے ہزاروں لوگوں کی جانیں خطرے میں پڑ گئی ہیں۔ ڈاکٹر عقیل نے کہا کہ کورونا وائرس کی وجہ سے سعودی عرب، یو اے ای، قطر، عمان، مصر سمیت تقریبا تمام مسلم ممالک میں مساجد بند کر دی گئی ہیں، لوگوں کو گھروں میں نماز ادا کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور ہر قسم کے مذہبی اجتماعات پر روک لگا دی گئی ہے، مگر ہمارے ملک میں مذہبی شخصیات اور علما نے اس سلسلے میں بے احتیاطی کا مظاہرہ کیا ہے جس کی وجہ سے لوگوں کی جانیں خطرے میں پڑ سکتی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ کورونا وائرس کے خطرات سے اس وقت پوری دنیا دوچار ہے اور اب تک جہاں لاکھوں لوگ اس وائرس کے شکار ہوئے ہیں وہیں ہزاروں لوگوں کی جانیں جا چکی ہیں، ایسے میں خصوصا مذہبی اداروں اور مذہبی شخصیات کی زیادہ ذمے داری بنتی ہے کہ وہ لوگوں میں بیداری پیدا کریں اور جب تک کہ حالات قابو میں نہیں آجاتے کسی بھی قسم کے اجتماع سے گریز کریں۔ ڈاکٹر عقیل نے کہا ہے کہ حکومت اس وائرس کو پھیلنے سے روکنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، ایسے میں ہم سب کے ذمے داری ہے کہ حکومت کی کوششوں کا ساتھ دیں، اس وائرس سے لڑنے میں حکومت کا تعاون کریں اور کوئی ایسا قدم نہ اٹھائیں جس کی وجہ سے اپنے آپ کو اور ملک کو نقصان پہنچانے کا سبب بن جائیں۔ ڈاکٹر عقیل نے کہا ہے کہ حکومت نے عوام اور ملک کے تحفظ کے لیے اکیس روزہ لاک ڈاؤن کا اعلان کیا ہے لہٰذا تمام شہریوں کی ذمے داری ہے کہ اس لاک ڈاؤن پر عمل کرتے ہوئے اپنے گھروں میں رہیں اور صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھیں، ساتھ ہی انھوں نے حکومت سے اپیل بھی کی ہے کہ ایسے سنگین حالات میں جو لوگ یا ادارے غیر سنجیدگی اور بے احتیاطی کا مظاہرہ کرتے ہوئے لاک ڈاؤن پر عمل کرنے میں کوتاہی کا مظاہرہ کرتے ہیں ان کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جائے۔

(رابطہ عامہ سیل)